نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

نامیاتی کپاس کسی بھی کیمیائی کھاد اور کیڑے مار ادویات کے بغیر کاشت کرنے کا منصوبہ

کپاس کی بہتر پیداوار کے لیے محکمہ زراعت پنجاب اور ورلڈ وائڈ فنڈ کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کپاس کی بہتر پیداوار کے لیے تین مراحل میں کام مکمل کیا جائے گا: سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور 31 جنوری 2017 ( ) محکمہ زراعت پنجاب اور ورلڈ وائڈ فنڈ کے مابین کپاس کی بہتر پیداوار کے لیے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ اس تقریب میں سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹر انجم علی اور ڈائریکٹر جنرل ورلڈ وائڈ فنڈ حماد نقی خاں شریک ہوئے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت نے کہا کہ محکمہ زراعت معیاری کپاس کے نظام کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہے اور اس ضمن میں تین مراحل میں کام کی تکمیل ہوگی۔ پہلے مرحلے میں ورلڈ وائڈ فنڈ اور محکمہ زراعت (توسیع) اہم پارٹنر کے طور پر کام کریں گے جبکہ منصوبے کے دوسرے مرحلے میں ورلڈ وائڈ فنڈ ایک سٹریٹیجک پارٹنر کے طور پر کام کرے گی۔ اس منصوبے کے تحت نامیاتی کپاس کسی بھی کیمیائی کھاد یا کیڑے مار ادویات کے استعمال کے بغیر کاشت کی جائے گی اور اس کا معیار بھی عام کپاس کی نسبت بہتر ہوگا۔ سیکرٹری زراعت نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت کے اس اقدام سے نامیاتی کپاس کی پھٹی کا معیار بھی بہتر ہوگا اور اس پر کیڑوں کے حملے میں کمی آئے گی جس سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆